بانی تنظیم: ڈاکٹر اسرار احمدؒ
امیر تنظیم: شجاع الدین شیخ

شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

04جون2023ء

# پریس ریلیز

## صحافت نظری سیاست کا اہم حصہ ہے۔ صحافیوں نے تحریک پاکستان میں کلیدی رول ادا کیا۔

## نوجوان نسل کی بہترین ذہن سازی کے حوالے سے کالم نگاروں کا اہم کردار ہے۔

## تنظیم اسلامی انتخابی سیاست کی بجائے انقلابی جدوجہد کی قائل ہے۔

## کالم نگار اسلاموفوبیا کے خلاف قلمی جہاد کے ذریعے دینی ذمہ داری ادا کریں۔

## دین کے نفاذ کی کوشش ہم سب پر فرض ہے۔ جب تک انقلاب نہیں آجاتا انتخابی عمل جاری رہنا چاہیے۔

### امیر تنظیم اسلامی شجاع الدین شیخ کی معروف کالم نگاروں کے ساتھ ایک شام

**لاہور (پ ر):** صحافت نظری سیاست کا اہم حصہ ہے۔ صحافیوں نے تحریک پاکستان میں کلیدی رول ادا کیا۔ نوجوان نسل کی بہترین ذہن سازی کے حوالے سے کالم نگاروں کا اہم کردار ہے۔ تنظیم اسلامی انتخابی سیاست کی بجائے انقلابی جدوجہد کی قائل ہے۔ کالم نگار اسلاموفوبیا کے خلاف قلمی جہاد کے ذریعے دینی ذمہ داری ادا کریں۔ دین کے نفاذ کی کوشش ہم سب پر فرض ہے۔ جب تک انقلاب نہیں آجاتا انتخابی عمل جاری رہنا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے قرآن اکیڈمی لاہور میں معروف کالم نگاروں کے ساتھ ایک خصوصی نشست میں ''موجودہ حالات میں ایک پاکستانی کی ذمہ داری'' کے موضوع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اُنھوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں قلم کی قسم اُٹھائی ہے اور نبی اکرم ﷺ پر پہلی وحی میں قلم کے خصوصی مقام و مرتبہ کو اجاگر کیا گیا۔ حقیقت یہ ہے کہ عوام کے سامنے حق بات رکھ کر بے لاگ تجزیہ دینا انتہائی اہم دینی و قومی خدمت ہے۔ بانی تنظیم اسلامی ڈاکٹر اسرار احمدؒ نے نظری سیاست میں بھرپور حصہ لیا اور انجمن خدام القرآن و تنظیم اسلامی کے زیر اہتمام جریدے ہفت روزہ ندائے خلافت، ماہنامہ میثاق اور سہ ماہی حکمتِ قرآن اس گوشے میں آج بھی اپنا مقدور بھر کردار ادا کر رہے ہیں۔ اُنھوں نے کہا کہ تنظیم اسلامی انتخابی سیاست کی بجائے انقلابی جدوجہد کی قائل ہے تاکہ اللہ کی زمین پر اللہ کا نظام قائم و نافذ کیا جائے۔ ہمارے آباؤ اجداد نے اس ملک کو حاصل کرنے کے لیے بہت قربانیاں دیں اور اسے اسلام کی بنیاد پر قائم کیا گیا۔ لہٰذا ملک کی جغرافیائی سرحدوں کے ساتھ ساتھ نظریاتی سرحدوں کی حفاظت بھی ناگزیر ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ جب تک اسلامی انقلاب نہیں آجاتا، ملک میں انتخابی عمل جاری رہنا چاہیے تاکہ 'جسم' کی ضروریات پوری ہوتی رہیں البتہ 'روح' کی پرورش کا واحد ذریعہ ملک میں اسلامی نظام کا نفاذ و قیام ہے۔ اُنھوں نے حاضرین محفل سے اپیل کی کہ پاکستان اور امتِ مسلمہ کی رہنمائی کے لیے اپنی تحریروں کے ذریعہ بھرپور حصہ ڈالنے کا سلسلہ جاری رکھیں۔ اس کے بعد کالم نگاروں نے موضوع پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ شرکاء کے مابین انتہائی پر مغز گفتگو ہوئی اور قابل عمل تجاویز پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آخر میں تمام مہمانوں کو بانی تنظیم اسلامی ڈاکٹر اسرار احمدؒ کی کتابوں کا سیٹ ہدیہ کیا گیا۔

**جاری کردہ**

رضاء الحق

نائب ناظم نشرو اشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

بانی تنظیم: ڈاکٹر اسرار احمدؒ
امیر تنظیم: شجاع الدین شیخ

تنظیم اسلامی

# TANZEEM-E-ISLAMI

## PRESS RELEASE: Sunday 4 June, 2023

**"Journalism is a significant part of ideological politics. Journalists played a vital role throughout the Pakistan Movement."**
**"Columnists have a leading role to play in the development of the youth's best possible mindset."**
**"Tanzeem-e-Islami is perusing a revolutionary struggle instead of election politics."**
**"Columnists must fulfil their religious duty by waging Jihad against Islamophobia through their writings."**
**"The establishment of the Islamic system is our collective obligation. Till the time a revolution is set in motion, the election process must continue."**

**(An evening spent by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, Shujauddin Shaikh, with renowned columnists)**

**Lahore (PR):** Journalism is a significant part of ideological politics. Journalists played a vital role throughout the Pakistan Movement. Columnists have a leading role to play in the development of the youth's best possible mindset. Tanzeem-e-Islami is perusing a revolutionary struggle instead of election politics. Columnists must fulfil their religious duty by waging Jihad against Islamophobia through their writings. The establishment of the Islamic system is our collective obligation. Till the time a revolution is set in motion, the election process must continue. These thoughts were expressed by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, while addressing the topic of "the duty of a Pakistani in the present times", during an exclusive session with renowned columnists in Quran Academy, Lahore. The Ameer reminded that Allah *(SWT)* has sworn by the 'Pen' as a predicate in the Holy Quran, and that in the first revelation delivered to the Holy Prophet *(SAAW)*, its value and significance are highlighted. The fact of the matter is that presenting an unbiased analysis based on truth for the public is an immensely important religious and national service. The founder of Tanzeem-e-Islami, Dr. Israr Ahmed *(RAA)*, took extensive interest in ideological politics and journals such as the weekly Nida-e-Khilafat, the monthly Meesaq, and the quarterly Hikmat-e-Quran, all published under Anjuman Khuddam-ul-Quran and Tanzeem-e-Islami, are fulfilling their befitting role in that regard to this day. He added that in order to establish and implement the system given by Allah *(SWT)* on this His earth, Tanzeem-e-Islami is perusing a revolutionary struggle instead of election politics. Our forefathers sacrificed tremendously for the sake of this country, and established it on the foundations of Islam. Thus, the safeguarding of its ideological foundations, alongside geographical boundaries, is equally integral. He said that till the time a revolution is initiated, the election process must continue, so that a "vessel" may be maintained, although the nourishment of the "spirit" is unequivocally bound with the establishment of the Islamic system. He impressed upon the participants that they ought to continue playing their part in guiding Pakistan and the Muslim Ummah through their writings. Later, the columnists expressed their thoughts on the topic. The participants engaged in extremely fruitful discussion and exchanged ideas on various pragmatic approaches moving forward. Upon conclusion, all guests were gifted sets Dr. Israr Ahmed's books.

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**
**Naib Nazim Nashr o Ishaat**
**Tanzeem e Islami Pakistan**